VICTORIA State Government | Education and Training

# کنڈرگاڈٹن کے بارے میں سب کچھ

Urdu Translation



## جب آپ کسی خدمت کا دورہ کریں تو کیا دیکھیں ۔

- کیا آپ کو خوش آمدید کہا گیا؟ اچھی نوعیت کےکنڈرگارٹن پروگرام خاندانوں اور اساتذہ کے باہمی اشتراک کی بنیاد پر تشکیل پاتے ہیں کیا اساتذہ نے آپ سے بچے یا آپکےخاندان کے بارے میں کوئی سوال کیا؟ کیا اساتذہ کو آپکے سوالات یا مسائل سے کوئی دلچسپی تھی ؟
- اگر آپکا بچہ آپکے ساتھ تھا تو کیا اساتذہ نے بچے کے ساتھ بلا واسطہ کوئی رابطہ روا رکھا (بجائے آپکے ذریعے بچے سے گفتگو کرنے کے)؟
- کیا سیکھنےکے کوئی مزیداریا مشکل مواقع موجود ہیں جو بچوں کیلئے انکے ماحول کوجشن کی طرح مناتے ہوں؟
- کیا انڈور اور آوٹ ڈور علاقے بچوں کو سیکھنے کے تجربات کی حوصلہ افزائی پیش کرتے ہیں – مثال کے طور پر ، نئی چیزوں کو دریافت کرنے کے مواقع؟ دوسروں کے ساتھ یا تنہا کھیلنے کے مقامات؟ کیا ایسی جگہیں موجود ہیں جہاں بچے خاموشی سے وقت گزار سکیں؟

## اپنے سوال تیار رکھیں

- آپکے بچےکوسیکھنے میں مدد دینےکیلئے آپکے ساتھ کیسے کام کرینگے؟
- اساتذہ آپکے بچے کی دلچسپیوں کو کیسے شامل کرینگے ؟
- آپکے بچے کے ارتقاء پر گفتگو کرنے کے کیا مواقع ہونگے؟
- اگر آپکے بچے کی کچھ اور ضروریات ہیں تو خدمات کیسے آپکی اور بچے کی مدد کرسکینگي ؟
- پروگرام مثبت رویے کی حوصلہ افزائی کیسے کرتا ہے؟
- اگر آپکا بچہ بیمار یا پریشان ہوجائے تو کیا ہوگا؟
- کیا اس خدمت نے کنڈرگارٹن کا کوئی سرٹیفیکیٹ لگایا ہوا ہے؟ یہ سرٹیفیکیٹ ظاہر کرتا ہے کہ اس کنڈرگارٹن پروگرام کو وکٹوریہ کی حکومت سے مالی امداد موصول ہوتی ہے اور اسے ابتدائی بچپن کا ایک تربیت یافتہ استاد چلاتا ہے ۔
- قومی معیارکے سٹینڈرڈکے مطابق سروس کی درجہ بندی کیا ہے (آسٹریلیا بھر کا تعلیمی اور دیکھ بھال کے معیار کا نظام)؟ یا آپ تحریری تشخیص دیکھ سکتے ہیں؟
- کیا داخلوں کیلئے منتظرلوگوں کی کوئی فہرست ہے؟ کیا آپ کو داخلے کیلئے یا منتظر لوگوں کی فہرست میں شامل ہونے کیلئے کسی ڈیپازٹ کی ضرورت پڑی؟ خدمت کو بتائیں کہ آپ یہ ڈیپازٹ ادا کرنے کی حیثیت میں نہیں ہیں ۔

## کنڈرگارٹن شروع کرتے وقت میرے بچے کی عمر کیا ہوگی؟

یہ عام بات ہے کہ بچے پرائمری اسکول شروع کرنے سے ایک سال قبل کنڈرگارٹن پروگرام شروع کر تے ہیں ۔ اسے عام طور پر چار-سال – کی – عمرکا کنڈرگارٹن کہا جاتا ہے

آپکے بچے اسکول میں داخل ہوسکتے ہیں اگر وہ اسکول شروع کرتے ہوئے اس سال 30 اپریل کوپانچ سال کے ہوتے ہیں ۔ آپکے بچے کو اسکول میں داخلے کے وقت چھ برس کا ہونا چاہئے ۔ اس لئے ، اگر آپکے بچے کی سالگرہ کیلینڈر سال کی 30 اپریل سے پہلے آتی ہے تو آپکے پاس اختیار ہے کہ یا تو بچے کو پانچ سال کی عمر میں اسکول میں داخل کروائیں یا پھر اگلے سال ۔ بچے مختلف رفتار سے ، مختلف انداز سے اور مختلف اوقات میں سیکھتے ہیں بعض صورتوں میں اپکا بچہ کنڈرگارٹن پروگرام دیر سے شروع کرنے میں بہتر رہتا ہے ۔



## اپنے بچے کے کنڈرگارٹن شروع کرنے کے بارے میں مجھے مشورہ کہاں مل سکتا ہے؟

اگر آپکو یہ یقین نہیں کہ آپکے بچے کیلئے گنڈرگارٹن پروگرام شروع کرنے کا سب سے اچھا وقت کونسا ہے توکسی کنڈرگارٹن استاد سے مشورہ کریں ۔ معلوم کریں کہ گنڈرگارٹن پروگرام کیسے آپکے بچے کی مدد کرسکتا ہے ۔

آپکا بچہ جس اسکول میں جانے والا ہے اسکے پرنسپل یا ٹیچر سے ملاقات کیجئے ۔ ان سے بات کیجئے کہ آپکے بچے کیلئے پریپ شروع کرنے کا بہترین وقت کونسا ہے ۔ دیکھیں کہ پریپ پروگرام کس طرح آپکے بچے کی مدد کرسکتا ہے ۔

اسکے ساتھ ساتھ بچے کی ماں اور اسکی صحت کی نرس ، خاندانی ڈاکٹر یا دوسرے پیشہ وروں سے بات کیجئے جنہیں آپکا بچہ دیکھتا ہے (مثال کے طور پر اسپیچ تھیراپسٹ ، فیزیو تھیراپسٹ اور پیڈیاٹریشین)

## کیا میرا بچہ ایک سال سے زیادہ کنڈرگارٹن جا سکتا ہے؟

وہ بچے جو ہیں:

- ایب اوریجینل اور / یا ٹیرس اسٹریٹ جزیرے کے یا
- چائلڈ پروٹیکشن کے علم میں ہو ، یا چائلڈ پروٹیکشن نے انہیں Child FIRST کے حوالے کیا ہو ۔

پرائمری اسکول شروع کرنے سے قبل دو سال کیلئے بلامعاوضہ یا کم قیمت پرکنڈرگارٹن جا سکتے ہیں وہ عام طور پر اس وقت تین سال کے ہوتے ہیں ۔

تین- سال – کی- عمر کے بچوں کے مفت کنڈرگارٹن کے بارے میں مزید معلومات کیلئے صفحہ 4 پر جائیں

سست بڑھوار‌سے متاثر بعض بچے جو چار – سال – کا کنڈرگارٹن مکمل کرتے ہیں اسکول شروع کرنے سے قبل دوسرے سال کنڈرکادٹن جانے کا فائدہ اٹھاسکتے ہیں ۔

کنڈرگارٹن کے استاد سے ان معاملات پر مزید معلومات کیلئے بات کیجئے ۔

## کیا آپکو مترجم کی ضرورت ہے؟

وکٹوریہ کی حکومت امدادی کنڈرگارٹن پروگرام استعمال کرنے والے خاندانوں کیلئے ایک بلا معاوضہ مترجم کی خدمات کا بندوبست کرتی ہے ۔ بچے کے کنڈرگارٹن استاد یا خدمات کے سروس منیجر سے بلا معاوضہ مترجم کی خدمات کیلئے بات کیجئے ۔

## متعلقہ لنکس

مفت یا کم قیمت کنڈرگادٹن –
**www.education.vic.gov.au/childhood/parents/kindergarten/Pages/fees.aspx**

تین-سال-کی-عمر کا کنڈرگارٹن –
**http://www.education.vic.gov.au/childhood/parents/kindergarten/Pages/earlystart.aspx**

سست بڑھواڑ کے بچوں کیلئے کنڈرگادٹن کے دوسرے سال کیلئے –
**http://www.education.vic.gov.au/childhood/parents/kindergarten/Pages/secondyear.aspx**

تیار کرنے والے:
Department of Education and Training
2، ٹریژی پلیس ، ایسٹ ملبورن
میلبورن 3002
© اسٹیٹ آف وکٹوریہ اگست 2015

بچے عام طور پر کنڈرگارٹن پروگرام میں اسکول شروع کرنے سے ایک سال قبل شامل ہوتے ہیں جب انکی عمر چار برس ہوتی ہے - کچھ ادارے تین- سال – کی عمر میں بھی کنڈرگادٹن پروگرام پیش کرتے ہیں -

آپکے بچے کیلئے کنڈرگادٹن شروع کرنے کے بہترین وقت پر مشورہ کیلئے صفحہ 6 پر جائیں -

## کنڈرگارٹن کیا ہے؟

کنڈرگارٹن (جسے پری اسکول بھی کہتے ہیں) چھوٹے بچوں کیلئے ایک پروگرام ہے جوایک تربیت یافتہ ابتدائی بچپن کا استاد فراہم کرتا ہے -

## میرا بچہ کنڈرگارٹن کیوں جائے؟

کنڈرگارٹن نوعمر بچوں کیلئے ایک اہم قدم ہے اور ہر بچے کیلئے سختی کے ساتھ اسکی سفارش کی جاتی ہے -

تحقیق نے ظاہر کیا ہے کہ کنڈرگارٹن سے بچے کی صحت اور بہبود بہتر ہوجاتی ہے، سماجی مہارتیں مضبوط بنیاد پر ارتقا ئی منازل طے کرتی ہیں اور سیکھنے کیلئے محبت پیدا ہوتی ہے -

جو بچے کنڈرگارٹن جاتے ہیں وہ زیادہ خود مختار اور پر اعتماد ہوتے ہیں اور اس بات کا زیادہ امکان ہوتا ہے کہ وہ بہ آسانی پرائمری اسکول(پریپ) منتقل ہو جائینگے -

## کنڈر گارٹن میں کیا ہوتا ہے؟

ایک اعلی معیارکا کنڈرگارٹن پروگرام حوصلہ افزائی اور تفریح ، دونوں کے تجربات اور سرگرمیاں جاننے کا ایک سلسلہ آپ کے بچے کیلئے پیش کرے گا اپنے بچے کی تعلیم اور تجسس کی بھی تجربات اور سرگرمیوں کے ذریعے حوصلہ افزائی کی جائے گی جس میں قدرتی دنیا کو دریافت کرنا نئے خیالات کا سامنا کرنا اور مشکلوں کا حل کرنا شامل ہیں -

آپکا بچہ اس قابل ہوگا کہ:

- دوسروں کے ساتھ کام کرنا سیکھے اور گروپ سرگرمیوں کے ساتھ دوست بنا سکے اور مل جل کر کھیلنا سیکھے -
- اپنی تخلیقی قوت کا اظہار کرسکے مثلا رقص ، حرکات اور فن کے ذریعے
- دوسرے بچوں کی اپنے اساتذہ کے ساتھ بات چیت کو سننے اور انکی آپس کی بات چیت کے ذریعے اپنی گفتگو کی مہارت کی تعمیر کر سکیں -
- اپنی پڑھنے ، لکھنے اور ریاضت کی مہارت کو بڑھا لیں -





## میں کنڈر گارٹن کو کہاں پا سکتا ہوں؟

بعض کنڈرگارٹن اپنے طور پر(جیسے کمیونٹی کنڈرگارٹن) خود مختار طریقے سے چلائے جاتے ہیں - دوسرے کنڈرگارٹن پروگرام طویل ڈے کیئر یا اسکول کے طور پر چلتے ہیں -

اپنے علاقے میں(یا اپنی پسند کے علاقے میں) کوئی کنڈرگارٹن تلاش کرنے کیلئے **www.education.vic.gov.au/findaservice/Home.aspx** پر جائیں یا اپنی مقامی لوکل کونسل سے رابطہ کریں جسے آپ یہاں تلاش کرسکتے ہیں : **www.dtpli.vic.gov.au**

آپکے خاندان کیلئے مناسب گنڈرگارٹن پروگرام منتخب کرنے کیلئے صفحہ نمبر 4 پر جائیں

## تمام بچے کنڈرگارٹن جاسکتے ہیں -


کنڈرگارٹن تمام بچوں کیلئے ہے - اگر آپکے بچے کو کوئی معذوری یا سیکھنے کی مشکل ہو تواساتذہ اپ سے بات کرکے بتائینگے کہ یہ پروگرام اور ماحول کیسے آپکے بچے کی مدد کرسکتے ہیں -

اگر آپکو اپنے بچے کو گنڈرگارٹن پروگرام میں یا اپنے خاندان کیلئے مناسب پروگرام میں داخلے کیلئے کسی مدد کی ضرورت ہے تو اپنی مقامی لوکل کونسل سے رابطہ کریں -

## کنڈرگارٹن پر لاگت کتنی آتی ہے؟

وکٹوریہ کی حکومت پیسے سے چلنے والے کنڈرگارٹن پروگرام کوچلانے کی خدمات کیلئے لاگت میں شراکت کیلئے مالی امداد فراہم کرتی ہے جس سے چار- سالہ-عمر کے کنڈرگارٹن کی فیس کو کم سے کم رکھنے میں مدد ملتی ہے -

اس سرٹیفیکیٹ کو دیکھ لیں جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس کنڈرگارٹن کو وکٹوریہ کی حکومت سے مالی مدد ملتی ہے اور اسے ابتدائی بچپن کی تعلیم کا کوئی تربیت یافتہ استاد فراہم کرتا ہے -




وہ خدمات جو کنڈرگارٹن پروگرام فراہم کرتی ہیں وہ پروگرام چلانے کیلئے اپنی لاگت پوری کرنےکی خاطراکثر اپنی فیس تبدیل کرلیتی ہیں - بیشتر خدمات فراہم کرنے والے ادارے فیسوں کا تعین آپکے بچے کے تربیتی اوقات ، گروپ کے سائز اور اضافی اخراجات مثلا تفریحی دورے وغیرہ کی بنیاد پر کرتے ہیں -

## ہفتے میں کتنے گھنٹے میرا بچہ کنڈر گارٹن جا سکتا ہے؟

چار- سالہ-عمر کے بیشترکنڈرگارٹن پروگرام ہفتے میں 15 گھنٹے کی پیشکش کرتے ہیں -

## کم فیمت یا مفت کنڈرگارٹن اسکول جانے سے قبل کے بچوں کیلئے

وکٹورین حکومت کچھ بچوں کے لئے فیس میں مالی مدد فراہم کرتی ہے تاکہ وہ اسکول شروع کرنے سے قبل کنڈرگارٹن بلا معاوضہ یا کم قیمت پر جا سکیں عموما اس وقت انکی عمر چار سال ہوتی ہے -





آپکا بچہ مستحق ہے اگروہ :

- ایب اوریجنل ہے اور / یا ٹوریس آئیلینڈ سے ہے -
- تین یا چار جوڑواں بچوں میں سے ایک ہے -
- اسکے پاس (یا اسکے والدین یا سرپرست کے پاس) کارآمد کنسیشن کارڈ یا ریفیوجی ، ہیو مینیٹیرئین یا نقل وطن کا ویزا ہے -

اپنے بچے کے کنڈرگارٹن استاد یا خدمات کے منتظم دریافت کیجئے کہ کیا آپکا بچہ فیس میں مدد کا حقدارہو سکتا ہے -

## تین – سال – کی - عمر کے بچوں کیلئے مفت کنڈر گارڈن

وکٹوریہ کی حکومت کچھ بچوں کیلئے فیس میں امداد فراہم کرتی ہے تاکہ وہ پرائمری اسکول شروع کرنے سے قبل دو سال تک کنڈرگارٹن جا سکیں عموما جب انکی عمر تین سال ہوتی ہے -

اپکا بچہ بلا معاوضہ کنڈرگارٹن جاسکتا ہے اگر وہ

کم از کم 30 اپریل تک تین سال کا ہو اور:

- ایب اوریجینل ہو اور/ یا ٹوریس اسٹریٹ ائیلینڈ سے تعلق رکھتا ہو ، یا
- بچوں کی حفاظت یعنی چائلڈ پروٹیکشن کے علم میں ہو ، یا چائلڈ پروٹیکشن نے اسے Child FIRST کے حوالے کیا ہو -

اگرآپکے بچے نے اسکول شروع کرنے سے قبل دو سال بلا معاوضہ پروگرام کیا ہوتو وہ آئندہ برس چار- سال- کی –عمرکا پروگرام مفت یا کم قیمت پر کرسکتے ہیں -



اپنے بچے کے کنڈرگارٹن استاد یا خدمات کے منتظم سےتین - سال – کی - عمر کے مفت کنڈرگارٹن پروگرام کے بارے میں دریافت کیجئے -

## کنڈر گارٹن پروگرام منتخب کرنے کا عمل -

ہر خاندان مختلف ہوتا ہے - اسکا مطلب یہ ہے کہ آپ جو کنڈرگارٹن پروگرام منتخب کرتے ہیں وہ آپکے بچے اور خاندان کیلئے نہایت مناسب ہوگا -

کنڈرگارٹن پروگرام جلد منتخب کرنا اچھی بات ہے کیونکہ وکٹوریہ میں کنڈرگارٹن پروگرام میں داخلے کا عمل مختلف ہوتا ہے - کچھ خدمات بچے کی درخواست اس وقت قبول کرتی ہیں جب وہ دو سال کا ہوجاتا ہے -

جب آپ کنڈرگارٹن کے پروگراموں کی ایک مختصر فہرست بنا لیں ، تو ان خدمات سے رابطہ کریں کہ کیا وہ معلوماتی ایام یا کھلے سیشن منعقد کر رہے ہیں یا آپ ان سے خود معائنے کیلئے وقت لے لیں -

یہ ہرپّروگرام سے ذاتی واقفیت کیلئے بہترین طریقہ ہے، تاکہ سوال پوچھ سکیں یا اپنے بچے کے حوالے سے معلومات کا تبادلہ کرسکیں - آپ یہ بھی معلوم کرسکتے ہیں کہ کنڈرگارٹن پروگرام کس دن اور کس وقت ہوتے ہیں ، بچے کے داخلے کا طریقہ کاراور اگر کوئی فیس لی جاتی ہے اور فیس میں کوئی مدد دستیاب ہے -

اگر آپ کرسکتے ہیں تو ایک سے زائد پروگراموں کا معائنہ کرلیں - کوشش کریں کہ دوسرے خاندانوں کی گفتگو پرہی بھروسہ نہ کریں -